فضلہ جمع کرنے کے لئے گائیڈ:

گھریلو فضلہ اٹھانے کی سروس کے لئے لازم ھے کے کچرے کو خصوصی ٹوکریوں اور تھیلوں میں رکھا جائے.
ایسا کرنے کے لئے چند آسان قوانین پر عمل کریں.

- بہت زیادہ جگہ لینے والی چیزوں کے پیکیجنگ کے حجم کو کم کریں.
- اگر مخصوص سروس کی ضرورت نہ ہو تو کبھی بھی زمین پر کسی قسم کا فضلہ نہیں چھوڑ یں .
- ہر ٹوکری یا تھیلے میں صرف وہ کچرا ڈالیں جس کی اجازت ہو.
- فضلہ رکھنے کے لیے فراھم کردہ ٹوکریاں استعمال کریں.

| کچرے کی قِسم | اکھٹا کرنے کا طریقہ |
|---|---|
| کاغذ | گھر سے تھیلے میں |
| پلاسٹک | گھر سے تھیلے میں |
| نامیاتی فضلہ | گھر سے تھیلے میں |
| گاس پتّے بوٹیاں | گھر سے تھیلے اور بنڈلوں میں |
| خشک متفرق کوڑا | گھر سے تھیلےاور ٹوکریوں میں |
| شیشہ ٹین اور لوہے کے برتن | روڈ پر موجور ڈبوّں میں |
| بوجھل سامان اور الیکٹرونک فضلہ | یہ سروس بزریعہ بکنگ دستیاب ھے کچرے کو باھر زمین پر چھوڑ دیں |
| استعمال شدّہ ویجیٹیبل آئل | روڈ پر موجور ڈبوّں میں |

نامیاتی فضلہ: مارون ٹوکری

پیر اور جمعرات کو گھر گھر سے جمع کیا جائے گا

ڈال سکتے ھیں:کھانے کے بقایا جات،سبزی اور پھلوں کے چھلکے،بھیج، ،خراب
کھانا،چائے کے بیگ،انڈے کے چھلکے،روٹی کے ٹکڑے، راکھ،چکنائی آلود ٹشو پیپر ،
چھوٹی ھڈیاں اور پودوں کی چھوٹی ڈالیاں جڑیں وغیرہ.
مت ڈالیں: سیگرٹ کے فلٹر، مائع کھانے کی اشیاء، بڑے سائز کی ھڈیاں،جانوروں کے
بستر،کارک، ٹوُتھ پِک، لکڑی کے بڑے ٹکڑے،پیکجڈ کھانے کی اشیاء اور غیر نامیاتی
فطرت کا فضلہ(پلاسٹک کے بیگ،بچوں کی نیپیاں اور سینٹری نیپکن)
طریقہ کار:فضلے کو تھیلے (آپ عام پلاسٹک کا شاپر بھی استعمال کر سکتے ھیں) میں بند
کر کے متعلقہ ٹوکری میں ڈال کرگھر کے باھر چھوڑ دیں.

## کاغذ اور گتّے : نیلا تھیلا

ھر دوہفتوں بعد بروزمنگل گھر گھر سے جمع کیا جائے گا.
ڈال سکتے ھیں:اخبارات، رسالے، کتابیں، کاپیاں، گتے، کاغذ کے بیگ، اشیاء خورنُوش
کی پیکیجنگ (چاول، نمک، پاستا)، جوتوں کے ڈبے، مختلف قسم کے کاغذات، مشروبات
کے کارٹن، کاغذ کے برتن، کاغذ کی پیکیجنگ جس میں تھوڑا سا پلاسٹک موجود ہو.
مت ڈالیں:پلاسٹک کے شاپر، چکنائی آلود یا کسی بھی قسم کا گندا کاغذ،
کاربن پیپر، پلاسٹک کے برتن، کیمیائی فیکس کاغذ، وال پیپر اور موم والا کاغذ.

طریقہ کار:حجم کم کرنے کے لئے بڑے ڈبّوں کو کچل دیں. لوہے کی اسٹیپلز اور چپکنے
والی ٹیپ اُتار لیں.

پلاسٹک : پیلا تھیلا
ھر دوہفتوں بعد بروزمنگل گھر گھر سے جمع کیا جائے گا.
ڈال سکتے ھیں:وہ تمام پلاسٹک کی چیزیں جن پرPE (پولیےتھیلےنے)، PP (پولی
پروپلین)، PVC (پولیوینیل کلورائد)، PET (پولیےتھیلےنے کے
تےرےپھتھالاتے)، PS
(پولی سٹائیرین) لکھا ہو.پانی اور سافٹد ڈرنک کی بوتلیں، ڈٹرجنٹ اور کاسمیٹکس کے
ڈبے، کھانے کی چیزوں اورپھل فروٹ کے پلاسٹک کے بیگ اور شاپر، دہی کے ڈبے اور
پلاسٹک کے صاف برتن اور کھانے کی اشیاء کی پلاسٹک پیکنگ .
مت ڈالیں:وہ تمام چیزیں جو پلاسٹک نہیں جیسے دودھہ کے ڈبّے، گتّا، کاغذ، کھلونے،
سی ڈی ڈی وی ڈی کیسٹ، غیر لچکدار پلاسٹک کی اشیاء (ہینگر، اور گھریلوآرائش کا
سامان، ایش ٹرے، پنسلیں رکھنے والےڈبّے، ٹوکریاں اور کچرے کی ٹوکریاں، فولڈرزاور
بریف کیس، ہارڈ ویئ ا،اور کار کا غیر لچکدار پلاسٹک)، پینٹ کےڈبّے، سفری اور ہینڈ
بیگ.
کچرہ ڈالنےسے پہلے کنٹینر کو صاف کر لیں. نامیاتی فضلہ یا مضر مادہ شامل نہیں ہونا
چاہیے اور حجم کم کرنے کے لئے کچرے کوکچل دیں.

پودوں کی کٹائی کا فضلہ:
بروز اتوار گھر گھر سے جمع کیا جائے گا.
ڈال سکتے ھیں:گھریلو پودوں کے پتّے، شاخیں، چُورا، حشک اور کٹے
ہوئے پھول.لکڑی
کے چھوٹے ٹکرے، راکھ ، کھاد، کٹا ہوا گھاس، کھاد اور چھوٹی جھاڑیاں.
مت ڈالیں:باورچی خانے کا فضلہ، مائع خوراک، سگریٹ کے
فلٹر،جانوروں کے
بستر، اور غیر نامیاتی فطرت کا فضلہ.
طریقہ کار:ضروری ہے کےسبز فضلےکو خصوصی سبز بیگ
کےاندر احتیاط سے ڈال
دیں یا بنڈلوں کی صورت میں باندھ کرچھوڑ دیں.

شیشہ اور لوہے کے کین:
کانچ، ایلومینیم کین، کنٹینرز اور دھاتی(لوہے کی) اشیاء، ایلومینیم اور ایلومینیم ٹرے کو جمع کرنے کے لئے سڑک پرموجود سبز رنگ کے کنٹینرز (گھنٹی نماء) کو برقرار رکھا جاتا ہے.

خشک متفرق کوڑا:(بھورے رنگ کا کنٹینر)
بروز بدھ گھر گھر سے جمع کیا جائے گا.
ڈال سکتے ھیں: وہ تمام فضلہ جو کسی اور قسم کے کچرے میں نھیں جا
سکتا جیسے ربڑ،
فوم، روئی، ھڈیاں، سگریٹ کےفلٹر، جانورکے بستر، مسح کپڑے،
ہینگر,چینی کے برتن، بچوں
کی نیپیاں(لنگوٹ) اور سینٹری نیپکن ، پٹّیاں، پلّتے، پینٹ شُدّہ لکڑی،
پلاسٹک کے برتن، کاربن

پیپر،چکنائی آلود کاغذ، کھلونے جن میں کوئی الیکٹرانک مواد نہ ہو،
ویکیوم کلینر بیگ اور فلٹر،
سی ڈی، ڈی وی ڈی .
مت ڈالیں: وہ تمام کچرا جو کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشن میں پھینکا جا سکتا ہے،مضر
فضلہ، بھاری بھرکم فضلہ، مائع مادہ، تعمیر اور مسمار کے نتیجے میں برامد ہونے والا
فضلہ (بجری، ملبے، وغیرہ).
طریقہ کار: مضبوط بیگ میں بند کرنا ضروری ہے.

بچوں کی نیپیاں(لنگوٹ) :
بچوں کی نیپیاں(لنگوٹ) اور سینٹری نیپکن کو خشک متفرق کوڑے میں ڈالا جائے گا.
تاہم ضرورت پڑنے پر آپ اپنی میونسپلٹی کےعلاقے میں موجود چابی والے کنٹینرز استعمال کر سکتے ھیں.

بوجھل سامان (بھاری بھرکم):
بوجھل سامان اٹھانے کے لیے آپ کا کچرہ اٹھانے والی کمپنی ہر بعد مفت سروس فراہم کرتی ہے، اسّے استعمال کرنے کے لئے کسٹمر سروس پر کال کریں.
یہ سروس مندرجہ ذیل کچرے کے لئے استعمال ھو سکتی ہے.
بوجھل گھریلو فرنیچرچر (کرسیاں، گدّے، بیڈ، میزیں، الماریاں، صوفے وغیرہ).
بڑے سائزکے الیکٹرانک آلات (واشنگ مشین، ڈش واشر، اوون ککر، ریفریجریٹرز، وغیرہ).

چھوٹے سائز کے الیکٹرانک آلات جیسے کے جوسرمشین، شیونگ مشین، لیپ ٹاپ وغیرہ کو کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشن میں جمع کروائیں.
اِن کو گھر سے جمع نہیں کیا جاتا.

بوجھل سامان (بھاری بھرکم):
بوجھل سامان اٹھانے کے لیے آپ کا کچرہ اٹھانے والی کمپنی ہر بعد مفت سروس فراہم کرتی ہے، اسّے استعمال کرنے کے لئے کسٹمر سروس پر کال کریں.
یہ سروس مندرجہ ذیل کچرے کے لئے استعمال ھو سکتی ہے.
بوجھل گھریلو فرنیچرچر (کرسیاں، گدّے، بیڈ، میزیں، الماریاں، صوفے وغیرہ).
بڑے سائزکے الیکٹرانک آلات (واشنگ مشین، ڈش واشر، اوون ککر، ریفریجریٹرز، وغیرہ).
چھوٹے سائز کے الیکٹرانک آلات جیسے کے جوسرمشین، شیونگ مشین، لیپ ٹاپ وغیرہ کو کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشن میں جمع کروائیں.
اِن کو گھر سے جمع نہیں کیا جاتا.

رآئی(**RAEE**):
(RAEE)الیکٹرانک سامان سے پیدا ہونے والے فضلے کوکہتے ہیں.
ڈال سکتے هیں: پنکھے، ٹوسٹر، الیکٹرک فرائیر، استری، جوسر، بال خشک کرنے والی
مشین، الیکٹرک شیونگ مشین، الیکٹرک الارم گھڑیاں، انرجی سیور بلب، نوٹ بک،

موبائل فونزبیٹری اور لوازمات کے ساتھ .
طریقہ کار:آپ خود انھیں  کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشن میں جمع کرواسکتے ھیں.
آپ بھاری بھرکم RAEE کو گھر سے مفت میں جمع کرنے کی درخواست کرسکتے ھیں بذریعہ اپوائنٹمنٹ.
آپ کی آگاہی کے لئے آپ کو بتاتے چلتے ہیں کے جو شحص آپ کو نیاء الیکٹرانک آلہ فروخت کرتا ہے قانون کے مطابق پُرانے آلے کو واپس لے کر اُس کا تصُرف کرنا اُس کی ذمہ داری ہے.

مضر فضلہ  **(RUP)**:
مضر فضلہ خطرناک فضلے کو کہتے ہیں.
ڈال سکتے ھیں: پینٹ، سالوینٹس، رنگ، کیٹناشکوں، کیڑے مار ادویات، تھرمامیٹر، معدنی تیل (مثال کے طور پر کے انجن کے لئے)، تیل کے فلٹر، بیٹریاں اور ادویات.
کس طرح : ہمیشہ کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشنوں میں جمع کروائیں.
ادویات اورچھوٹی بیٹریاں سڑک کے کنارےنصب خصوصی کنٹینرز میں ڈال سکتے ہیں.
اِن سے کیا کِیا جاتا ہے:
بیٹریاں جمع کرنے کے لئےخصوصی کارخانے موجود ہیں جوCOBAT(نیشنل کنسورشیم
برآئے ختم بیٹریاں) کے ساتھ پارٹنر اداروں میں اِن بیٹریوں سے مفید مواد کی ری
سائیکلنگ کرتے ہیں. ان سے برامد لوہے اور پلاسٹک کو دوبارہ استعمال کیا جا سکتا
ہے.تاہم  بیشترمضر فضلہ خصوصی کنٹینر میں ذخیرہ کرکے تباہ کر دیا جاتا ہے.

ویجیٹیبل کوکنگ آئل :
استعمال شدہ ویجیٹیبل کوکنگ آئل کو ریکور کیا جا سکتا ھے.
اس کو سنک یا ٹوائلٹ میں پیھنکنے سے ماحول کو شدید نقصان ھوتا ھے.
استعمال شدہ ویجیٹیبل کوکنگ آئل کو اپنے علاقہ میں نصب پیلے رنگ کےکونٹینرز میں
ڈالیں یا براہ راست قریبی کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشن میں جمع کروا دیں.

کچرا اکھٹا کرنے والے اسٹیشن کے کھلنے کے اوقات اور پتہ :

- Comune di Castello d’Argile - Via Circonvallazione Ovest , 32/34

منگل: 07:00 13:00
جمعرات: 14:30 17:30
ھفتہ: 08:30 12:30 اور 14:30 16:30
Comune di Pieve di Cento - Via Zallone, 32
سوموار: 7.15 12.45
بُدّہ 7.15 12.45
ھفتہ: 8.30 12.30 اور 14.30 16.30
(جولائی اور اگست کے مھینوں میں بروز ھفتہ دوپہر کو بند رھے گا)

معلومات کے لئے :

ویب سائٹ:

www.comune.castello-d-argile.bo.it

Comune di Castello d’Argile :
تعلقات عامہ کے دفتر: 051.6868813

ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ : 051.6868852

آپ کو اطلاع کی جاتی ھے کہ نامناسب رویے کو محدود کرنے اور شھریوں کی حفاظت کے لئے ، شہری ویسٹ مینجمنٹ سروس ضابطے کے مطابق کچرہ علیحدہ کرنا لازمی ھے اُس نظام کی شرائط کے مطابق جو کے آپ کے شہر میں رآئج ھے. خلاف ورزی کرنے والوں کو بلدیہ کی جانب سے سخت جرمانے عائد کئے جائیں گے.